© rasailojaraid.com



# اربابِ وفاق المدارس کی سرگرمیاں

ادارہ

**نصاب کمیٹی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس کی صدارت:**......۱۲؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۴ مارچ ۲۰۱۵ء بروز بدھ حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی دفتر ملتان میں نصاب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت فرمائی، اجلاس میں طالبات کے ۶ سالہ نصاب، دراسات دینیہ کے ۲ سالہ نصاب، طلبہ کے عالیہ سال اول (خامسہ) کے نصاب پر تفصیلی مشاورت اور اہم فیصلے کیے گئے۔

**امتحانی کمیٹی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس کی صدارت:**......۱۳؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۵ مارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعرات حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی دفتر ملتان میں امتحانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت فرمائی، اس اجلاس میں گزشتہ سال ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۰۱۴ء کی امتحانی رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان رپورٹس کی روشنی میں آمدہ سالانہ امتحان ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰۱۵ء کے انعقاد سے متعلق مشاورت اور اہم فیصلے ہوئے۔

**کراچی آمد:**......۱۵؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۷؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم شام کے وقت جامعہ خیر المدارس ملتان سے کراچی کے لیے روانہ ہوئے، کراچی ائیر پورٹ پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان صوبہ سندھ کے ناظم مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب مدظلہ، دار العلوم حسینیہ شہداد پور کے مہتمم قاری عبد الرشید رحیمی صاحب مدظلہ نے دیگر علماء کرام کے ہمراہ استقبال کیا۔

**مدرسہ مظاہر العلوم حیدرآباد میں علماء وطلبہ سے خطاب:**......۱۶؍جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۸؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے مولانا وجیہ الدین صاحب مرحوم کے ادارے مدرسہ مظاہر العلوم حیدرآباد میں علماء کرام اور طلبہ کے اجتماع سے خطاب فرمایا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**مدرسہ بیت السلام ماتلی (سندھ) میں تقریب قبول اسلام کی صدارت:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے دارالعلوم الحسینیہ شہداد پور (سندھ) کے ناظم اعلیٰ محترم قاری عبدالرشید صاحب کی دعوت پر مدرسہ بیت السلام ماتلی ضلع بدین (سندھ) میں منعقدہ ''قبولِ اسلام وخدمات مدارس کانفرنس'' کی صدارت کی، اس تقریب میں ماتلی ضلع بدین کے ۲۲ غیر مسلم خاندانوں کے ۱۱۵ افراد کو کلمہ طیبہ پڑھا کر حلقۂ اسلام میں داخل کیا۔ (سبحان اللہ)

**ٹوبہ ٹیک سنگھ: تحفظ ناموس رسالت ﷺ ومدارس اسلامیہ کنونشن میں شرکت:**......۲۰ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۲ر مارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعرات حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعہ حسن بن علیؓ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جمعیت علمائے اسلام اور وفاق المدارس العربیہ کے زیر اہتمام منعقدہ ''تحفظ ناموس رسالت ﷺ ومدارس اسلامیہ کنونشن'' میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور تفصیلی خطاب فرمایا۔

**اسلام آباد: مغربی ممالک کے سفیروں اور مختلف وفود سے ملاقات:**......۲۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۳ر مارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے اسلام آباد میں مغربی ممالک کے سفیروں اور بیرون ممالک سے آئے ہوئے وفود سے ملاقات کی اور دینی مدارس کے نصابِ تعلیم ونظام تعلیم سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے فرمایا کہ دینی مدارس معاشرے کی اصلاح اور امن کے مراکز ہیں۔

**جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ اسلام آباد میں خطاب:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ جی الیون اسلام آباد میں نماز جمعہ سے قبل نمازیوں کے بہت بڑے اجتماع سے مفصل خطاب فرمایا۔

**قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ سے ملاقات:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ سے تفصیلی ملاقات میں موجودہ ملکی صورت حال پر تبادلہ خیال اور مختلف امور پر مشاورت کی۔

**مجلس عاملہ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے اجلاس میں شرکت:**......۲۲ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۴ر مارچ ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعۃ المنتظر لاہور میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں ''اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان'' کے دستور کی حتمی منظوری دی گئی۔

**جامعۃ الخیر لاہور میں صوبائی امن کانفرنس کی صدارت:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعۃ الخیر لاہور میں منعقدہ ''صوبائی امن کانفرنس'' کی صدارت کی اور امن کے لیے اتحاد واتفاق، بھائی چارہ کی فضا قائم کرنے کی ضرورت پر مدلل گفتگو فرمائی، اس کانفرنس میں مختلف مذاہب، مسالک کی مقتدر شخصیات نے شرکت کی۔

**ضلع بنوں کے علماء کرام کے وفد سے ملاقات:**......۲۴ر جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۶ر مارچ ۲۰۱۵ء بروز سوموار حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم سے ضلع بنوں کے علماء کرام کے ایک وفد نے مولانا نسیم علی شاہ (مہتمم المرکز الاسلامی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بنوں) کی زیر قیادت جامعہ خیر المدارس ملتان میں ملاقات اور دینی مدارس سے متعلقہ امور پر مشاورت کی۔

**جامعۃ الخیر لاہور میں تقریب تقسیم لیپ ٹاپ میں شرکت:**......۲۷ رجمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۹ رمارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعرات حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعۃ الخیر لاہور میں حکومت پنجاب کی طرف سے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت کی اور خصوصی خطاب فرمایا،تقریب کی صدارت حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب مدظلہ رکن مجلس عاملہ نے کی اور وفاق کے مرکزی خازن حضرت مولانا مشرف علی تھانوی صاحب کے علاوہ صوبائی وزیر مذہبی امور عطاء محمد مانیکا،سابق صوبائی وزیر قانون رانا ثناء اللہ،سیکرٹری محکمہ اوقاف محمد شہریار سلطان نے بھی خطاب کیا جبکہ ڈی جی محکمہ اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری،قاری احمد میاں تھانوی،مولانا عبدالمجید ناظم مرکزی دفتر،مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی اور دیگر علماء کرام وارباب مدارس دینیہ نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔

**جامعہ اشرفیہ لاہور:تقریب تقسیم لیپ ٹاپ میں خطاب:**......۲۸ رجمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰ رمارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعہ اشرفیہ لاہور میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں دینی علوم حاصل کرنے کی ضرورت واہمیت پر خطاب فرمایا۔جامعۃ الخیر اور جامعہ اشرفیہ لاہور میں سات سو سے زائد طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔

**دارالعلوم الاسلامیہ لاہور کی تقریب میں شرکت:**......یکم جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۲ رمارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے ڈپٹی چیئرمین سینٹ حضرت مولانا عبدالغفور حیدری کے ہمراہ مولانا مشرف علی تھانوی صاحب مدظلہ کی دعوت پر دارالعلوم الاسلامیہ لاہور کی تقریب میں شرکت اور خصوصی خطاب فرمایا۔

**جامعہ خیر المدارس ملتان میں تقریب تقسیم لیپ ٹاپ کی صدارت:**......۵ رجمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۶ رمارچ ۲۰۱۵ء بروز جمعرات حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے جامعہ خیر المدارس ملتان میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

> "دینی مدارس کے طلبہ محب وطن،امن کے داعی ہیں،وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی طرف سے دینی مدارس کے طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ اور سولر لیمپ تقسیم کرنا مستحسن اقدام اور دینی مدارس کی خدمات کا کھلا اعتراف ہے"۔

اس تقریب میں کمشنر ڈویژن ملتان کیپٹن (ر) اسد اللہ خان،آر پی او ملتان امجد جاوید سلیمی،ایم پی اے ملتان شہزاد مقبول بھٹہ،وفاق المدارس العربیہ جنوبی پنجاب کے ناظم مولانا زبیر احمد صدیقی،ناظم دفتر وفاق المدارس العربیہ مولانا عبدالمجید،محاسب دفتر وفاق المدارس چوہدری ریاض احمد،سیکرٹری ناظم اعلیٰ مولانا سیف اللہ ابرار،مسئولین وفاق المدارس مولانا ارشاد احمد،مولانا محمد نواز،مولانا عبدالمجید فاروقی مولانا خالد محمود،مولانا مظہر اسعدی،جامعہ خیر المدارس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ملتان کے اساتذہ مولانا نجم الحق، مولانا عبدالمنان، مولانا شبیر احمد بہلوی اور مولانا مختار احمد نے بھی شرکت کی۔

طالبات کے لیے تقریب جامعہ خیر المدارس کے شعبہ تعلیم النساء میں ہوئی، ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان ڈویژن کے ۶۹۹ طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔

**دارالعلوم فاروقیہ راولپنڈی: تقریب تقسیم لیپ ٹاپ میں شرکت:**...... ۷؍جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۸؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ حضرت ناظم اعلیٰ زید مجدہم نے دارالعلوم فاروقیہ راولپنڈی میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت کی اور خطاب فرمایا، مولانا قاضی عبدالرشید (ناظم پنجاب وفاق المدارس العربیہ پاکستان)، مولانا عبدالمجید صاحب، مولانا عبدالقدوس محمدی اور دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔

اسی طرح پانچویں اور آخری تقریب ۱۰؍جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۱؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز منگل جامعہ اسلامیہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں فیصل آباد اور سرگودھا ڈویژن کے 586 طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔

**اسلام آباد میں صدر پاکستان میاں ممنون حسین سے ملاقات:**...... ۷؍جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۸؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ ایوان صدر اسلام آباد میں صدر پاکستان میاں ممنون حسین صاحب سے ملک کے ممتاز علماء کرام کے ایک وفد نے ملاقات کی، صدر پاکستان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان مجلس عاملہ کے معزز رکن، دارالعلوم کراچی کے صدر حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم العالی نے مسلک اہل السنۃ والجماعۃ علماء دیوبند کی نمائندگی کرتے ہوئے ملک کی موجودہ صورت حال پر اظہار خیال فرمایا۔

### صدر الوفاق حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس

۹؍جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۰؍مارچ ۲۰۱۵ء بروز سوموار صدر الوفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہم العالی کی زیر صدارت جامعہ دارالعلوم کراچی میں دینی مدارس سے متعلقہ امور پر اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں، حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب، قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب، شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب اور مولانا عبید اللہ خالد صاحب نے شرکت کی۔

### سہ رکنی کمیٹی کا جامعہ دارالعلوم کراچی میں تین روزہ اجلاس

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم کی قائم کردہ سہ رکنی کمیٹی کا مورخہ ۱۲/۱۳/۱۴؍جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲/۳/۴؍اپریل ۲۰۱۵ء بروز جمعرات، جمعہ، ہفتہ بمقام جامعہ دارالعلوم کراچی اجلاس منعقد ہوا۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب، ناظم تعلیمات جامعہ عثمانیہ پشاور، حضرت مولانا امداد اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صاحب ناظم تعلیمات جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی اور حضرت مولانا رشید اشرف صاحب ناظم تعلیمات جامعہ دارالعلوم کراچی پر مشتمل یہ کمیٹی مدارس کے لیے جامع نظام کی تیاری پر کام کر رہی ہے۔ کمیٹی کے اب تک دو اجلاس ہوئے ہیں جن میں مدرسہ کی ہیئت انتظامیہ، نظامِ داخلہ، اسلوب تعلیم، مقدار خواندگی، نظام تکرار و مطالعہ، نظام دار الاقامۃ، نظام امتحانات، نظام حاضری و تعطیلات اور کئی دوسرے موضوعات پر مسودات تیار کیے گئے جبکہ بعض چیزوں پر ابھی کام ہونا باقی ہے۔ آئندہ اجلاس میں امید ہے کہ اسے حتمی شکل دے دی جائے گی۔ حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وفاق کے اکابر کی جانب سے قائم کی گئی اس کمیٹی کی سفارشات پر عمل درآمد کی صورت میں ملک بھر کے مدارس کے اندرونی نظام میں ان شاء اللہ بہت بہتری آئے گی اور مدارس کے نظام میں یکسانیت بھی پیدا ہوگی۔

**مشیر وزارتِ مذہبی امور سعودی عرب ڈاکٹر عبدالعزیز العمار سے ملاقات**......۲۱ر جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱ر اپریل ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ وفاق المدارس پاکستان کے ایک وفد نے ناظم اعلیٰ وفاق کی قیادت میں وزارت مذہبی امور سعودی عرب کے مشیر محترم ڈاکٹر عبدالعزیز العمار سے اسلام آباد میں ملاقات کی اور سعودی عرب کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور فرمایا کہ حرمین شریفین کا تحفظ ہمارے ایمان اور عقیدے کا حصہ ہے۔ اس وفد میں حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب، حضرت مولانا عبید اللہ خالد صاحب، حضرت مولانا امداد اللہ صاحب، حضرت مولانا ظہور احمد علوی صاحب، حضرت مولانا نذیر احمد فاروقی صاحب اور حضرت مولانا عبدالقدوس محمدی شامل تھے۔

**جامعہ دارالعلوم عیدگاہ کبیر والا ضلع خانیوال کی تقریب ختم بخاری شریف میں شرکت**:......۲۲ر جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۲ر اپریل ۲۰۱۵ء بروز اتوار حضرت ناظم اعلیٰ مدظلہم نے جامعہ دارالعلوم کبیر والا کی تقریب ختم بخاری شریف میں شرکت کی اور تفصیلی خطاب کیا۔

**امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب**:......۴ر رجب المرجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۴ر اپریل ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی صاحب مدظلہم العالی کی پاکستان تشریف آوری کے موقع پر لاہور میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے امام کعبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی، جس صدارت نائب صدر وفاق المدارس حضرت اقدس مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہم العالی نے کی۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے معزز مہمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے خطبۂ استقبالیہ پیش کیا جس میں امام کعبہ کی دینی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔

انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے حرمین شریفین اور مشاعرِ مقدسہ کی خدمت اور توسیع و تزئین اور اسی کے ساتھ حج و عمرہ کرنے والوں کے لیے سہولیات کا انتظام و اہتمام کر کے مسلمانانِ عالم کے دل جیت لیے ہیں۔ یہ سب خدمات خادم الحرمین الشریفین ملک سلمان بن عبدالعزیز حفظہ اللہ تعالیٰ کی سرپرستی میں سرانجام دی جا رہی ہیں ہم دعا گو ہیں کہ اللہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

پاک سعودی عرب کے تمام ارکانِ سلطنت کو اس پر جزائے خیر عطا فرمائے۔ (آمین)

ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس نے پاک سعودیہ دیرینہ دوستی کو اجاگر کرتے ہوئے فرمایا کہ پاکستانی عوام کے دل سعودی بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستانی عوام بالخصوص علماء وطلباء کی ارضِ حرمین سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: حرمین شریفین کے دفاع، سعودی عرب کی سلامتی اور امن کے لیے ہم قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔

تقریب کے آخر میں معزز مہمان امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی نے اپنے خطاب میں پاکستان کے دینی مدارس خاص طور پر "وفاق المدارس العربیہ پاکستان" کی دینی تعلیمی اور اسلامی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فرمایا: پاکستان کے دینی مدارس سے تعلیم حاصل کرنے والے قراء کرام میرے استاذ ہیں اور میرے علاوہ حرمین شریفین کے دیگر ائمہ وخطباء کرام نے بھی پاکستانی اساتذہ کرام سے قرآن کریم پڑھا ہے۔ حرمین شریفین اور سعودی عرب میں تحفیظ القرآن کے حلقات پاکستان کے دینی مدارس کا فیض ہیں۔ امام کعبہ نے پاکستان اور اہل پاکستان کے ساتھ محبت اظہار کرتے ہوئے فرمایا پاکستان میرا دوسرا گھر اور پاکستانی میرے بھائی ہیں۔ میرے نزدیک پاکستان اور سعودی عرب میں کوئی فرق نہیں۔

اس استقبالیہ تقریب میں نائب سفیر سعودی عرب بدر التمیمی، مدیر مکتب الدعوۃ ابو سعد الدوسری اور بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے استاذ ڈاکٹر قاری محمد الیاس کے علاوہ مولانا محمد انوار الحق، مولانا فضل الرحیم، مفتی محمد طیب، مولانا محمد امجد خان، مولانا قاضی عبدالرشید، مولانا مشرف علی تھانوی، مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا پیر سیف اللہ خالد، مولانا قاری محمد یاسین سمیت ملک بھر کے جید علماء کرام کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔

**امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی کے ہمراہ جامعہ اشرفیہ لاہور کی تقریب میں شرکت:** ......۵ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۵ اپریل ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم نے امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی کے ہمراہ جامعہ اشرفیہ لاہور کی تقریب میں شرکت کی، امام کعبہ نے جامعہ اشرفیہ لاہور میں نماز ظہر کی امامت فرمائی۔

**امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی کے ہمراہ خطیب بادشاہی مسجد لاہور کے استقبالیہ میں شرکت:** ......اسی روز شام کے وقت ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم نے امام کعبہ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی صاحب کے ہمراہ بادشاہی مسجد لاہور کے امام وخطیب مولانا عبدالخبیر آزاد کی دعوت پر استقبالیہ تقریب میں شرکت کی۔ امام کعبہ نے بادشاہی مسجد میں نماز مغرب پڑھائی۔

**امام کعبہ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے استقبالیہ میں شرکت:** ......۶ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۶ اپریل ۲۰۱۵ء بروز اتوار ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری نے امام کعبہ کے ہمراہ وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف کی دعوت پر چیف منسٹر سیکریٹریٹ لاہور میں منعقدہ استقبالیہ تقریب میں شرکت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**امام کعبہ کے ہمراہ پروفیسر ساجد میر کے استقبالیہ میں شرکت:**......اسی روز ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم نے جمیعت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی امیر پروفیسر ساجد میر کی دعوت پر امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سید خالد الغامدی صاحب مدظلہم کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

**وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی قیادت پر مدارس کا ایک مرتبہ پھر اظہار اعتماد:**......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ مجلس شوریٰ اور مجلس عمومی کے یکے بعد دیگرے ہونے والے اجلاسوں میں ۲۴ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۴ مئی ۲۰۱۵ء کو شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کو ساتویں مرتبہ صدر اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب کو آئندہ پانچویں مرتبہ بلا مقابلہ متفقہ طور پر سیکریٹری جنرل منتخب کرلیا گیا ہے۔وفاق المدارس کی مرکزی قیادت کا انتخاب مجلس عمومی کرتی ہے۔جس میں ملک کے بارہ صد ممتاز جامعات و مدارس شامل ہیں۔مجلس عمومی کے ہر ممبر کو حق رائے دہی کے علاوہ یہ اختیار بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنی کسی پسندیدہ شخصیت کا نام پیش کرسکے،کم وبیش گزشتہ ۱۸ سال سے صدارت اور نظامت علیا کے مناصب پر بالترتیب حضرت مولانا سلیم اللہ خان اور مولانا محمد حنیف جالندھری فائز ہیں۔ان حضرات کی قیادت کا دور ہنگامہ خیز اور صبر آزما رہا ہے،بالخصوص پرویزی دور حکومت میں دینی قوتوں اور دینی مدارس کو ملکی اور عالمی سطح پر سازشوں،منافقتوں اور کفر بواح کا سامنا رہا،اس عرصہ میں مدارس کو قومی دھارے میں لانے اور ان میں عصری علوم کی تدریس کے پُرفریب نعرے کے ساتھ حکومت نے "وفاق المدارس" کی قیادت پر ترغیب وترہیب کے تمام ہتھکنڈے آزمائے ،مگر وفاق المدارس کی قیادت نے مدارس کی آزادی وخودمختاری پر نہ صرف مضبوط وجرات مندانہ مؤقف اختیار کیا،بلکہ یہ دوٹوک اعلان کیا کہ جو مدرسہ عصری علوم کی تدریس کے عنوان سے سرکاری امداد قبول کرے گا،وفاق المدارس سے اس کا الحاق منسوخ کردیا جائے گا۔یہ وفاق المدارس کے ایمان افروز وجرات مندانہ مؤقف کا نتیجہ تھا کہ کراچی سے گلگت تک تمام مدارس ایک لڑی میں نظر آئے اور کسی ایک مدرسہ نے بھی حکومتی مراعات کی طرف للچائی نظروں سے نہیں دیکھا۔

حقیقت یہ ہے کہ وفاق المدارس کی موجودہ قیادت نے مدارس کی آزادی وخودمختاری کے خلاف قومی وعالمی سطح پر زبردست یلغار کا جس تدبر ودوراندیشی ،حکمت وبصیرت اور مؤمنانہ شجاعت کے ساتھ مقابلہ کیا ہے وہ وفاق المدارس کے لیے ایک تاریخی اعزاز ہے،بالخصوص صدر وفاق شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان کی حکیمانہ ومخلصانہ رہنمائی اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری کی حق گوئی،معاملہ فہمی اور شبانہ روز مساعی کا اس میں بڑا حصہ ہے۔

پاکستان کے تمام دینی مدارس کا ایک مرتبہ پھر موجودہ قیادت پر اظہار اعتماد واطمینان کرنا ان کی فہم وبصیرت،حق پسندی وحق شناسی کی دلیل ہے ان شاء اللہ مستقبل میں اس فیصلے کے دوررس اور دیرپا نقوش واثرات مرتب ہوں گے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ وفاق المدارس کے قائدین کو حسب سابق مدارس کی آزادی وخودمختاری کی حفاظت اور ان کے ظاہر وباطنی مقاصد کی تکمیل کی توفیق نصیب فرمائیں(آمین)......................☆☆



© rasailojaraid.com